November 28, 2013

# Press Release: Jamia's Annual Convocation, confers *Honoris Causa* on Shri Najeeb Jung, Lt. Governor of Delhi

Jamia Millia Islamia held its Annual Convocation today at 3.30 PM in the Lawns of Dr. M.A. Ansari Auditorium, Jamia Millia Islamia.

The university also streamed a video of the proceedings of the Convocation live on the Jamia's website www.jmi.ac.in for those who could not be physically present.

A total of 4569 Degrees/Diplomas were awarded to students who have successfully completed Post-graduation, Graduation and Diploma courses from different Faculties/Departments/Centres of the University in the Academic Session 2011-12. The University also handed out 154 Gold Medals to the Toppers of different courses as also awarded 224 Ph.D. degrees to Research Scholars.

On this occasion, the University also conferred the **Degree of 'Doctors of Letters'** ***(Honoris Causa)*** on **Mr. Najeeb Jung, Hon.'ble Lieutenant Governor of Delhi.** A citation was presented to him on this occasion. **THE FULL TEXT OF THE CITATION IS ENCLOSED.** The citation read, "In honouring Shri Najeeb Jung … Jamia Millia Islamia acknowledges his distinctive contribution as an academic leader and administrator, who - in his person and work - demonstrates the values of excellence, integrity and commitment."

On this occasion, Shri Jung also **delivered his convocation address**. **THE FULL TEXT OF THE HIS CONVOCATION SPEECH IS ENCLOSED.** In his address, he paid rich tributes to the founders of Jamia. He said that they were great visionaries, much as were the visionaries of India. He also told the students to reflect on the principles laid down in the Preamble of the Constitution and said that even as the students go their different paths, they must abide by these lofty principles. He also exhorted them to aim high.

**Prof S M Sajid, Vice Chancellor, delivered the Vice Chancellor's report** highlighting the achievements of the past year as also plans for the future. **THE FULL TEXT OF THE VICE CHANCELLOR'S REPORT IS ENCLOSED.** Prof Sajid said, "If I were to ask myself what is the source of Jamia's vibrancy, there is only one answer that comes to my mind, it is our students. They are our best hope for the future." He addressed the students and said, "as you leave the portals of this magnificent university and prepare for a life and career ahead, know this that you are the inheritors of a great legacy and this university invests a lot of hope and promises in you. I am sure you will make us all proud. I wish all of you a great life and career ahead."

Lt. Gen. (Retd.) M A Zaki, Chancellor, Jamia Millia Islamia presided over the Annual Convocation.

Pictures of the convocation are enclosed for your perusal.

**Media Coordinator**
Jamia Millia Islamia

## CITATION

ANNUAL CONVOCATION TO CONFER THE DEGREE
OF

**DOCTOR OF LETTERS**

*(HONORIS CAUSA)*

ON

Hon'ble Lieutenant Governor of

NCT of Delhi

**SHRI NAJEEB JUNG**

Shri Najeeb Jung, currently the Hon'ble Lieutenant Governor of Delhi, combines in his person a unique amalgam of experience gathered over a life and career spread in India and other parts of the world in academic institutions and in administrative positions both within and outside the government. It is this rich experience which provides him his unique perspicacity and sagacity, which gets reflected in his actions, engagements, reflections and writings.

Born in Delhi on 18th January, 1951, Shri Najeeb Jung comes from a family that settled in Delhi in 1842. The family contributed to the development and growth of Delhi as Moulvis, judges, administrators and academics. Shri Najeeb Jung studied at St. Columba's School, Delhi and graduated from St. Stephen's College, University of Delhi. He obtained an M.A. in History from the University of Delhi and went on to obtain an M.Sc. in Social Policy and Planning from the London School of Economics, U.K. Shri Najeeb Jung joined the Indian Administrative Service (IAS) in 1973 and served in Madhya Pradesh and in Delhi with the Government of India.

Subsequently, Shri Najeeb Jung worked as Senior Energy Advisor and Principal Energy Specialist at the Asian Development Bank. In 2002 he took over the charge of restructuring the Ministry of Petroleum and Natural Resources in Afghanistan. He has also been a Senior Visiting Fellow at the Oxford Institute for Energy Studies, Oxford University and a Senior Fellow at the Oxford Institute of Islamic Studies, Oxford. For his unique knowledge of the hydrocarbons sector, both as practitioner and researcher, he is recognised as a leading expert on energy in the world today. Shri Najeeb Jung was appointed the Vice-Chancellor of Jamia Millia Islamia in 2009 where he served till July 2013, when he took over charge as the twentieth Lieutenant Governor of Delhi. While at

Jamia, Shri Jung gave fillip to several academic programmes, such as Pakistan and China Studies, English, Nano-sciences and Nanotechnology, and initiated steps for promotion of Urdu among others. He supported sports on campus in a big way and initiated activities with a view to spread social awareness among young people. Besides providing academic leadership, Shri Jung initiated a number of administrative reforms and gave impetus to infrastructure projects on campus. His contribution to Jamia Millia Islamia remains incalculable.

For his wide-ranging experience in administration, Shri Najeeb Jung has been appointed to many Committees constituted by the Government of India. He has served as Director on the Central Board of the Reserve Bank of India; as Member of a Committee for evolving a Composite Development Index of States; as Independent Member of the State Security Commission for the National Capital Territory of Delhi; as Member of the Task Force for the development of the Jammu region, among many others.

For his contribution to academics, Shri Najeeb Jung has been Chairman/ Member of many Committees constituted by the Ministry of Human Resource Development, Government of India. He has served as Chairman of the Core Committee to look into different aspects of higher education; as a Member of the Core Committee of Central Universities' Vice-Chancellors on critical areas affecting University education, among others. He has also been associated with governing bodies of Indian Institute of Technology, Kanpur; National Council of Educational Research and Training etc.

A prolific writer and regular columnist, Shri Jung has never shied from expressing his views honestly and frankly. His views on contemporary issues have been published in book form, under the titles *Fikr-o-Aagahi* in Urdu and *Sting of a Bee* in English. In addition, he has also published one book and two monographs on the energy sector.

In honouring Shri Najeeb Jung with the Degree of Doctor of Letters *(Honoris Causa),* Jamia Millia Islamia acknowledges his distinctive contribution as an academic leader and administrator, who - in his person and work - demonstrates the values of excellence, integrity and commitment.

**LIEUTENANT GOVERNOR, MR NAJEEB JUNG'S SPEECH**

Mr. Chancellor Sir, Mr. Vice Chancellor Sir, Mr. Registrar, Deans of Faculties, Heads of Departments, distinguished guests, my friends from the press and of course all of you dear students who are receiving degrees today. There are moments in life when you wish that time would stop for a while. This is one such moment in my life as I stand at this point completely humbled by this huge honour bestowed on me by a great university that stands for all the values that we cherish in India, symbolized by the best of brains that emanated from the freedom movement of India. I have no words to thank you, Mr. Vice Chancellor and thank the Academic Council of the Jamia Millia Islamia for having thought me fit to be a recipient of this great honour. What is of immense pleasure further is the fact that I should receive this honour on this day in the presence of 4500 students who have been my family over the past half decade of my life.

Convocations per se raise a problem. On the one hand there is the eagerness of students to receive their degrees and celebrate the moment. On the other hand, the universities use it as an occasion to say something to their departing students. Caught in between these two seeming contradictions I intend to keep this speech very short.

But I must use this opportunity, and I believe that such an opportunity will not come my way in a long time, to share some thoughts with students and leave them with ideas to ponder upon. I say to the students that the Jamia Millia Islamia is not a mere university. It was intended to be and has indeed remained a movement to ignite the brightest of minds and to give them a confidence to boldly go where others fear to tread. An example of this is the life of our mentors and founders – Sheikh-ul-Hind, Mehmud-ul-Hasan, Maulana Mohammad Ali Johar, Zakir Sahib, Prof. Mujeeb, and indeed by extension even the Father of the Nation, Mahatma Gandhi and our first Prime Minister, Pt. Jawaharlal Nehru.

Their ideals as reflected in the Tarana of the Jamia Millia Islamia are again reflected beautifully in the basic structure of the Indian Constitution beautifully enunciated in the Preamble of the Constitution itself. The Preamble contains the declaration that the Constitution will secure to all citizens, justice, social, economic and political, liberty of thought, expression, belief, faith and worship and equality of status and of opportunity. This university was founded on these very principles and over the years has striven to secure and teach its students these fundamental values. The issue is

to successfully drive home this idea and take it to another level. And I often see a contradiction because at times I have noted hesitation in students and I see that more often than not they put limits to what they can achieve. I say to you that Dr. Ambedkar, Dr. Rajendra Prasad, Babu Jagjivan Ram, Maulana Azad, the noted scientist and mathematician, Chandrashekhar and a litany of others would not have been what they were or achieved what they did had they shackled their minds to the existing environments of their homes or to the society in which they lived. Think for a moment of the mental capacities and courage of Mahatma Gandhi to fight in the most dangerous and difficult situations the repressive regime in South Africa. Think for a moment the scope of his mind on how he planned the independence of India from the clutches of the mightiest empire at that point of time. As you leave this university think of the courage of Bhagat Singh, Chandrashekhar, B.K. Dutt, to create a band of revolutionaries to challenge injustice. Think and read of the life of Netaji Subhash Chandra Bose to leave the shores of India and move to Germany and then to Japan and raise an army to move across the whole of Asia and take on the British forces on the Indo-Burmese border. These are stories of men who dream and think and plan and they have the courage to execute their plans. I, therefore, say to you that you must leave this university with visions of grandeur and the great things you can do in your life.

Jamia Millia Islamia is an example of peaceful religious co-existence. So never for a moment forget the long traditions of accepted heterodoxy in India, Here at all points of time we have given space to all religions - Buddhism, Jainism, agnosticism and atheism, and allowed them to compete with each other in many ways and transform themselves in imbibing what we call Hinduism. With the passing of centuries and in the wake of a number of thinking rulers, savants, Sufis and bhakts we have evolved into a uniquely secular society. We celebrate the diversity of cultures in Kalidasa's 'Meghadootam' that applauds the beauty, the variety of human custom and behaviour. We see the same commitment of love and commonality of cultures in the writings of Amir Khusrao and the beautiful hymns of the bhakti and Sufi saints. Secularism is part of our inheritance and you must vow to transcend and rise above religion, caste and region so that we build an India on similar ideological terms as those conceptualized by Ashoka, Akbar, Dara Shikoh and the makers of our Constitution. These are Gandhian notions of social provision that people knitted together into a human tapestry.

Finally I believe that the Jamia Millia Islamia has a terrific future. I believe that in the decades to come this university will be in the forefront of giving India the scientific and intellectual leaders that it requires.

Mr. Vice Chancellor, I once again thank you for thinking of me and giving me this huge honour. Thank you, ladies and gentlemen, for your time and goodbye, dear students. You know that my prayers and good wishes will always be with you.

## VICE CHANCELLOR'S ADDRESS

## ANNUAL CONVOCATION
## JAMIA MILLIA ISLAMIA

**November 28, 2013**

Amir-i-Jamia, Hon'ble M. A. Zaki, Hon'ble Lieutenant Governor of Delhi, Shri Najeeb Jung, distinguished guests, members of the press, the Jamia fraternity—my colleagues and students, ladies and gentlemen: It gives me great pleasure to welcome our chief guest the Hon'ble Lieutenant Governor to Jamia. You have been our well wisher and we value your close association with Jamia. I also extend a warm welcome to all other guests.

Ladies and gentlemen, the Jamia is in its 93$^{rd}$ year and we are inching closer to our centenary celebrations. We have a glorious legacy and as we remember the sacrifices and achievements of our founders, we also look to our future which holds great promise for all of us. At the same time it puts enormous responsibility on us as inheritors of this great institution. We, in our endeavours, must aspire to live up to the ideals and vision of our founders. You just heard the refrain of Jamia's Tarana: "Dayar-e-shauq mera, Shehr-e-arzoo mera", "this is the land of my hopes, this is the land of my dreams". It neatly epitomizes our hopes and aspirations.

To my mind, the task ahead for Jamia is to continue in its endeavour for achieving excellence—in teaching, research and extension work, as also in its continuing to play a vital role in bringing about a slow but definite revolution in society by bringing into the

ambit of higher education all those who for one reason or the other have been on the margins of society. We owe it to ourselves and to those deprived to bring the best of education to them and it is my belief that all of us together will aspire to work towards this goal.

Ladies and gentlemen, the Annual Convocation gives one an opportunity to not just congratulate the outgoing batch of students on completion of their degrees but to also reflect on our achievements in the past one year. Let me share with you some of our recent accomplishments as also some of our plans for the future. However, before I give an account of our achievements, let me at the outset state that no institution can grow without the collective effort of the entire University community and therefore it is the Jamia biradari which needs to be congratulated on their dedication and commitment and for bringing the many successes that have come Jamia's way in this last one year.

Ladies and gentleman, Jamia, being a large university, has more than 18000 students enrolled in over 200 unique programmes that the university offers. It remains the endeavour of each department, centre and faculty to provide the best of education to its students. As you would know, after having embraced the semester system at the postgraduate level, the university moved all its undergraduate programmes into the semester mode and it gives me satisfaction to note that we have been able to make this transition smooth and academically stimulating.

The inclusion of new courses and programmes in its curricula symbolizes a thinking and innovating university and it is with this vision that the university launched its first ever International Summer School where students from near and far came and stayed with us for four weeks to learn about India. Having successfully launched the China Studies programme, the university also launched a Chinese Language course in Jamia this session. I am happy to see our students make swift progress and it is my hope that these new programmes will pave the way for a promising future for these young people who will become the thought leaders of tomorrow. Jamia's Anwar Jamal Kidwai Mass Communications Research Centre also converted two of its existing Diploma courses into full fledged MA degree programmes: namely, MA in Development Communication and

MA in Visual Effects and Animation. Similarly, the Centre for Physiotherapy and Rehabilitation Sciences added Masters of Physiotherapy in Orthopaedics.

It is my unshakeable belief that teachers play a monumental role in shaping the destiny not just of its student body but also of the university. Many of our teachers make us proud today, not merely for imparting excellent education to their pupils but also for inspiring them. Many of our teachers have made us proud in this last one year. Prof Akhtarul Wasey from the Department of Islamic Studies was awarded the Padma Shri for his contribution; Dr. Abdur Rub from Department of Biotechnology won the Indian National Science Academy Medal for Young Scientists; Prof Ghazanfar Zaidi won the Golden Pigeon Award for 2013; a very prestigious NASA project got awarded to Dr. Atiqur Rehman from the Department of Geography, among many others.

If I were to ask myself what is the source of Jamia's vibrancy, there is only one answer that comes to my mind, it is our students. They are our best hope for the future and it gives me immense pride and pleasure to place before you their accomplishments. Jamia's students from the Faculty of Law earned laurels for the university by not just excelling academically and earning positions in Delhi Judicial Services but also by winning International and National Moot Court Competitions; many of our students won awards and prizes at International and National conferences as also several prestigious scholarships; the films of AJK MCRC students were screened at the 43rd International Film Festival of India; Jamia's photography students were finalists at the Sony World Photography Award 2013; two students from Jamia school went on an American Field Service Student Exchange Programme to the US.

Jamia students excelled in all spheres, particularly in entrepreneurship. The entrepreneurship club was set up at Jamia this year which organized a number of events such as the ICICI trinity programme on innovation and entrepreneurship. The best example of innovation was the hybrid electric vehicle produced by Jamia students. We are indeed very proud of them.

Our students have been earning glory for the university by lifting prestigious titles in the field of sports as well. The highlights this year were: Jamia's excellent performance in

the Toyota University Cricket Championships, and Jamia’s performance in the S.A. Rahim Memorial Football Tournament as also in the Inter-university Table Tennis Championship. Jamia students also represented the university in Shooting at the World University Games in Russia, among many other achievements. Jamia students also led a cycle rally to spread awareness on women safety and women empowerment.

I cannot list all the successes and glories of our students, but I would like to use this opportunity to congratulate them and to let them know how proud we are of their achievements.

The academically vibrant atmosphere at Jamia is a result of a large number of academic events organized all around the year and last year was no different. There were several important international and national conferences, memorial lectures, talks, discussions held in the last one year. Some being: conference on Religious Pluralism; conference for Senior Editors from South Asia; discussion on Manava Dharma; conference on Early Childhood Guidance; an International Meet on Premchand; conference on Sufism in Contemporary India; Exhibition on Motilal Nehru; exhibition on Islamic Art and Architecture; celebration of International Women’s Week, and many other such programmes. I congratulate the Jamia fraternity on its contribution to the academic exuberance on campus and it is my hope that this tempo will continue in the days to come as well.

Many important dignitaries and academics visited Jamia last year, among whom are the UPA Chairperson, Smt. Sonia Gandhi; Shri Altamas Kabir, Chief Justice of India; UGC Chairman Shri Ved Prakash; Sir James David Bevan, British High Commissioner to India; Sherry Rehman, former Ambassador of Pakistan to the US; Smt. Sheila Dikshit, Chief Minister of Delhi; Ministers Dr. Pallam Raju, Jairam Ramesh, E Ahmed and Dr. Shashi Tharoor; eminent journalist Vinod Mehta; Professor Paul Brass; Professor Muzaffar Alam; NASA Scientist Hashima Hasan; cricketer Virendra Sehwag are the most notable.

In the last one year, Jamia also forged ties with universities across the world and entered into active academic collaborations with the University of York, Canada; University of

Westminster, UK; two universities in Erfurt, Germany; Sciences Po University, France, among several others.

Jamia Millia Islamia as a university keeps reinventing itself and this year too it went on to undertake a number of important initiatives and projects as part of this reinvention: a Human Rights Cell was set up in Jamia with a view to advance the cause of human rights and justice in India; Jamia’s Department of Urdu was awarded the prestigious Tagore Translation Project by the Ministry of Culture, with a grant of almost a crore and they have initiated many important projects under it; Jamia’s initiative of strengthening the linguistic competence of its students through the Communicative English Programme saw another addition in the form of Self Enriching Programme which will impart necessary life skills to students and contribute to a holistic development of their personality.

Ladies and gentlemen, you would be happy to know that we are currently in the process of providing an official email identity to each student enrolled in Jamia. We hope that this will help achieve better communication with the students, as also promote e-learning whereby one will be able to share study material, submit assignments, take examinations etc. electronically in the days to come. It will also allow students to stay in touch with Jamia forever. It is my hope that we will be able to build a strong database of our students in the years to come.

Moreover, we are also considering starting a Certificate Course in Urdu which will provide scope for those who are desirous of learning the language in a class room situation. This is part of our avowed policy of promoting Urdu language and literature.

As we prepare to make plans for further academic growth and expansion, we realize the importance of augmenting our existing infrastructure, which requires both land and resources. Hon’ble Lieutenant Governor Sir, you have been a true well-wisher of Jamia, and we know we have in you a trusted friend of Jamia. I am sure with your help many of our projects will achieve fruition.

Ladies and gentlemen, support centres at Jamia have been contributing to the corporate life of the university: the NSS wing of Jamia undertook a number of initiatives this year, the most recent being its campaign to raise awareness about dengue and the blood donation camp it organised; several outreach events were organised by various wings of the university which included, among others, free health camps and dental checkups; the Centre for Coaching and Career Planning, which offers free coaching to members of minority communities, scheduled castes, scheduled tribes, and to girls, saw record results when 53 students qualified for the Civil Services Main Examinations, and several others also qualified for the Bihar State Services. All these cumulatively add up to many milestones which were crossed by the university this year.

Finally, to my students, as you leave the portals of this magnificent university and prepare for a life and career ahead, know this that you are the inheritors of a great legacy and this university invests a lot of hope and promises in you. I am sure you will make us all proud. I wish all of you a great life and career ahead.

Thank you all.

پریس ریلیز: ۲۸،نومبر۲۰۱۳ء

موضوع: جامعہ جلسۂ تقسیم اسناد میں لیفٹنٹ گورنر، دہلی جناب نجیب جنگ کواعزازی ڈگری دی گئی

جامعہ کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم کے سبزہ زار میں ۳:۳۰ بجے منعقد ہوا۔ جولوگ جلسے میں نہ آسکے تھے ان کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ www.jmi.ac.in پر جلسے کی ویڈیو ویب کاسٹ بھی کی گئی۔ سال ۱۲۔۱۱ ۲۰ میں مختلف شعبوں، مراکز سے پوسٹ گریجویشن، گریجویشن، ڈپلوما کامیابی سے پورا کرنے والے طلبا کو کل ۴۵۶۹ ڈگریاں دی گئیں۔ مختلف کورسیز میں اول آنے والے طلبا کو ۱۵۴ طلائی تمغے دیےاور ریسرچ اسکالرز کو ۲۲۴ پی ایچ ڈی ڈگریاں دی گئیں۔

اس موقع پر عزت مآب جناب نجیب جنگ گورنر دہلی، کواعزازی ڈگری عطا کی گئی۔ انہیں اس موقع پر سند بھی پیش کی گئی۔ سند کا پورا متن اس کے ساتھ منسلک ہے۔ سند میں کہا گیا ہے کہ ''جناب نجیب جنگ کواعزاز دیتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ انہیں اپنے ذاتی اور کام میں ممتاز علمی رہنما منتظم ہیں، افضلیت، ایمانداری اور عہد کے اقدار کا اعتراف کرتی ہے''۔

اس موقع پر جناب نجیب جنگ نے تقسیم اسناد کا خطبہ پیش کیا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے جامعہ کے معماروں کوخراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں جن اقدار کوعزیز رکھا جاتا ہےاور جس سے ہندوستان کی تحریک آزادی کے نکلنے والے بڑے اذہان ہیں جامعہ ان کا استعارہ ہے اس بڑے ادارے کی جانب سے یہ بڑا اعزاز مجھے مکمل طور سے انکساری محسوس کرا رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کے معمار ژرف نگاہ تھے اور ہندوستان کے بھی نکتہ داں تھے۔ نہوں نے طلبا سے کہا کہ ہندوستان کے دستور میں شامل Preamble میں اصول وضوابط کو اپنی زندگی میں لائیں اور کہا کہ طلبا جہاں جا ہیں جائیں انہیں ان اعلی اصولوں کا تتبع کرنا چاہیے۔ Preamble میں ایک قرارداد ہے جو شہریوں کو انصاف، سماجی ،اقتصادی، سیاسی، خیال وفکر کی آزادی، اظہار رائے کی آزادی، اعتقاد کی آزادی اور درجات اور مواقع کی یکسانیت و آزادی کو محفوظ کرتی ہے۔ یہ ادارہ انہیں اصولوں پر مبنی ہے اور زمانے سے یونیورسٹی اپنے طلبا میں بنیادی اقدار ڈالنے کی لیے کوشش کرتی رہی ہے۔ جامعہ ایک پرامن مذہبی بقائے باہمی کا شاندار مثال ہے اس لیے ایک لمحے کے لیے بھی ہندوستان کی تکثیریت کی طویل روایت کو فراموش نہیں کریں۔ انہوں نے اعلی مقصد کو ذہن میں رکھنے کے لیے طلبا کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ محض ایک یونیورسٹی نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد تھا اور فی الحقیقت تحریک رہے گا جو روشن دماغوں کو بیدار رکھے اور انہیں بیبا کی سے وہاں جانے کا حوصلہ دے گا جہاں کا دوسرے مشکل سے حوصلہ کرتے ہیں۔

وائس چانسلر پروفیسر ایس۔ ایم۔ ساجد نے وائس چانسلر رپورٹ پیش کی جس میں گزشتہ سال کی کامرانیوں اور مستقبل کے

منصوبوں کو بیان کیا گیا ہے۔ پروفیسر ساجد نے کہا کہ ''اگر مجھ سے سوال کیا جائے کہ جامعہ کی Vibrancy کا ذریعہ کیا ہے تو میرے ذہن میں ایک ہی جواب آتا ہے کہ وہ ہمارے طلبا ہیں۔ وہ ہمارے مستقبل کے لیے بڑی امیدیں ہیں۔'' انہوں نے طلبا کو خطاب کیا اور کہا کہ جیسے آپ اس عظیم ادارے کی پورٹل کو چھوڑیں گے اور زندگی اور کیریئر کے سوال سے جوجھیں گے اس بات کو ذہن نشیں رکھنی چاہیے کہ آپ ایک عظیم وراثت کے امین ہیں اور یونیورسٹی کو آپ سے کافی امیدیں ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ہمارا سر فخر سے اونچا کریں گے۔

زندگی اور کیریئر کے لیے نیک خواہشات اور تمناؤں کے ساتھ

لیفٹننٹ جنرل (ریٹائرڈ) ایم۔اے۔ذکی چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اس جلسے کی صدارت کی۔

جلسۂ تقسیم اسناد کی تصاویر آپ کی خاطر منسلک کی جارہی ہیں۔

میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

**سند**

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

(مرکزی یونیورسٹی، قایم شدہ بذریعہ ایکٹ پارلیمان، ہند)

سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں

ڈاکٹر آف لیٹرس کی ڈگری

عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، این سی ٹی، دہلی

جناب نجیب جنگ کو

مؤرخہ ۲۸، نومبر ۲۰۱۳ء

کو پیش کی گئی

سند

سالانہ جلسۂ تقسیم میں

## ڈاکٹر آف لیٹرس

## (HONORIS CAUSA)

## عزت مآب لیفٹننٹ گورنر این سی ٹی دہلی

## جناب نجیب جنگ

### سند

جناب نجیب جنگ حالیہ ذی وقار لیفٹننٹ گورنر، دہلی اپنی شخصیت میں ہندوستان اور بیرون ہندوستان تعلیمی اداروں اور انتظامی عہدوں پر سرکار میں رہتے ہوئے اوراس سے باہر رہ کر بھی زندگی اور ملازمت کے دوران حاصل شدہ تجربات کے مجموعے سے ایک منفرد فرد ہیں۔ یہ ان کا تجربہ ہی ہے جو انہیں منفرد فراست و ذکاوت عطا کرتا ہے اور ان کے کاموں ،مصروفیتوں اورتحریروں میں جلوہ گر ہے۔

۱۸ جنوری ۱۹۵۱ء دہلی میں پیدا ہونے والے جناب نجیب جنگ ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جو ۱۸۴۲ء سے دہلی میں سکونت پزیر ہے۔ان کے کنبے نے دہلی کے فروغ میں مولویوں ،ججوں ،انتظام کاروں اور عالموں کے ذریعہ مدد کی ہے۔ جناب نجیب جنگ کی تعلیم ایس ٹی ۔کولمبس اسکول دہلی میں ہوئی، گریجویشن اسٹفین کالج ،دہلی یونیورسٹی سے کیا ۔انہوں نے دہلی یونیورسٹی سے ہی ایم۔اے۔کیااور سوشل پالیسی اور پلاننگ میں ایم۔ایس سی کے لیےلندن اسکول آف اکنومکس، برطانیہ تشریف لے گیے۔ جناب نجیب جنگ نے انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس (آئی اے ایس) ۱۹۷۳ء میں جوائن کر کے مدھیہ پردیش و دہلی میں خدمات انجام دیں۔

بعدازاں، جناب نجیب جنگ نے ایشیائی ترقیاتی بنک میں سینئرتوانائی مشیراور پرنسپل توانائی ماہر کی حیثیت سے کام کیا۔آپ نے ۲۰۰۲ء افغانستان میں وزارت پٹرولیم اور قدرتی گیس کی تعمیرنو کا چارج سنبھالا۔وہ آکسفورڈ انسٹی ٹیوٹ برائے توانائی مطالعات رہے اور آکسفورڈ انسٹی ٹیوٹ اسلامیات ،آکسفورڈ میں سینئر فیلو بھی رہے۔ہائڈروکاربن سیکٹر میں اپنی منفرد معلومات کے لیے بحثیت عامل اور ریسرچر انہیں آج دنیا بھر میں سرکردہ توانائی ماہر تسلیم کیا جاتا ہے۔

جناب نجیب جنگ کو ۲۰۰۹ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا شیخ الجامعہ مقرر کیا گیا جہاں وہ جولائی ۲۰۱۳ تک رہے پھر انہوں نے بیسویں لیفٹننٹ گورنر، دہلی کا عہدہ سنبھالا۔جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اپنی مدت کار میں انہوں نے مختلف علمی پروگراموں مثال کے طور پر پاکستان اور چین مطالعات ،انگریزی ،نینو سائنس اور نینوٹکنالوجی کو تحریک دی اور اردو کے فروغ کے لیے کئی اقدامات کیے۔نوجوانوں میں سماجی بیداری عام کرنے کی غرض سے انہوں نے کیمپس میں کھیل کے فروغ میں کافی تعاون دیا۔علمی قیادت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ جناب نجیب جنگ نے کئی انتظامی اصلاحات کیں اور کیمپس میں سہولیات سے

متعلق پروجیکٹوں میں سرعت لائے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تئیں ان کی خدمات شمار سے باہر ہیں۔

انتظامیہ میں اپنے مختلف النوع تجربات کی وجہ سے جناب نجیب جنگ حکومت ہند کی تشکیل کردہ مختلف کمیٹیوں میں مقرر کیے گیے۔ سینٹرل بورڈ آف ریزور بنک انڈیا کے ڈائریکٹر کی بطور خدمات انجام دیں، صوبوں کا مشترکہ ترقیاتی اشاریہ تیار کرنے والی کمیٹی کے رکن منتخب ہوئے، دہلی قومی راجدھانی کے لیے صوبہ سیکوریٹی کمیشن کے آزاد رکن رہے، جموں خطے کے ترقی کے لیے تشکیل شدہ ٹاسک فورس کے ممبر رہے وغیرہ وغیرہ۔

علمی خدمات کے لیے جناب نجیب جنگ وزارت برائے فروغ انسانی وسائل کی کئی کمیٹیوں کے ممبر / چیئر مین رہے۔ اعلی تعلیم کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے والی کور کمیٹی کے چیئر مین کی حیثیت سے انہوں نے خدمات انجام دیں۔

یونیورسٹی تعلیم کو متاثر کرنے والے حساس شعبوں پر سینٹرل یونیورسٹیز وائس چانسلر کی کور کمیٹی کے ممبر رہے وغیرہ۔ وہ آئی آئی ٹی، کانپور، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ وغیرہ کے گورننگ باڈی سے منسلک رہے وغیرہ۔

ایک کثیر التصانیف مصنف اور باقاعدہ کالم نویس جناب نجیب جنگ ایمانداری سے اپنی آرا پیش کرنے میں کبھی نہیں جھجھکتے۔ موجودہ مسائل پر ان کی آرا کتابی شکل میں شائع ہو کر منظر عام پر آچکی ہیں۔ اردو میں یہ کتاب 'فکر و آگہی' کے نام سے ہے جب کہ انگریزی میں یہ کتاب Sting of a Bee ہے۔ علاوہ ازیں توانائی کے شعبے میں ان کی ایک کتاب اور دو مونوگراف چھپ چکے ہیں۔

جناب نجیب جنگ کو ڈاکٹر آف لیٹرس (Honoris Causa) سے سرفراز کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک علمی قائد منتظم کی نمایاں خدمات کا اعتراف کر رہی ہے جس نے ذاتی سطح پر اور کام کی سطح پر افضلیت، بلند کرداری اور عہد کے اقدار کو نشان زد کیا ہے۔

۲۸، نومبر، ۲۰۱۳ء

## وائس چانسلر کا خطاب

امیر جامعہ عزت مآب ایم۔اے۔ ذکی، ذی وقار لیفٹنٹ گورنر دہلی جناب نجیب جنگ، محترم مہمانان، پریس کے اراکین، جامعہ برادری، میرے رفقائے کار، طلبا اور خواتین وحضرات۔ اپنے مہمان خصوصی لیفٹنٹ گورنر کا خیر مقدم کرنا یہ میرے لیے باعث مسرت۔ آپ ہمارے خیر خواہ رہے ہیں اور جامعہ سے آپ کے قریبی تعلق کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ میں دوسرے مہمانوں کا بھی استقبال کرنا چاہتا ہوں۔

خواتین وحضرات،

جامعہ اپنی عمر کی ۹۳ ویں منزل میں ہے اور ہم اپنی صد سالہ تقریبات کے قریب پہنچ رہے ہیں۔ہم اپنے بنیاد گزاروں کی قربانیوں اور کامرانیوں کو یاد کرتے ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ ہمارے پاس شاندار وراثت ہے اور مستقبل کی طرف نگاہ کرتے ہیں تو وہ ہمارے لیے کافی حوصلہ افزا ہے۔اس کے ساتھ ہی اس عظیم ادارے کے وارث وامین ہونے کی وجہ سے ہم پر بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ہمیں اپنے مساعی میں جامعہ کے معماروں کے تصورات وخوابوں کو زندہ رکھنے کی امنگ رکھنی چاہیے۔ہم نے ابھی جامعہ کا ترانہ 'دیار شوق میرا، دیار آرزو میرا' سنا جس کا مطلب ہے کہ یہ میرے آرزوں کی زمین ہے یہ میرے خوابوں کی زمین ہے۔یہ بہت صاف طریقے سے ہماری امیدوں اور امنگوں استعارہ بن جاتا ہے۔

میرے ذہن میں جامعہ کے لیے آگے کی راہ، تدریس، ریسرچ، توسیعی کام میں اپنی افضلیت کو برقرار رکھنا ہے نیز معاشرے کے پسماندہ لوگوں کو اعلیٰ تعلیم کے دائرے میں رفتہ رفتہ لیکن یقینی طور پر لانا ہے۔یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ان کو اچھی تعلیم کے مواقع سے ہمکنار کرائیں اور یہ میرا اعتقاد ہے کہ ہم ایک ساتھ مل کر ان مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔

خواتین وحضرات،

سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد ایک موقع ہوتا ہے جس میں پاس ہو کر ڈگری لے جانے والے طلبا کو نہ صرف مبارکباد دی جاتی ہے بلکہ پچھلے سال میں ہماری کارکردگی کو بھی اجاگر کیا جاتا ہے۔میں آپ کو بتاؤں کہ گذشتہ کامرانیاں اور ہماری مستقبل کے منصوبے ہیں۔تاہم اپنی کامیابیوں کو بیان کرنے سے پہلے اس آغاز پر مجھے کہنے دیجیے کہ کوئی ادارہ بغیر اجتماعی کوششوں کے آگے نہیں بڑھ سکتا اور اسی لیے جامعہ برادری کو ان کے ایثار اور وفاداری پر مبارکباد دی جانی چاہیے جو کام انہوں نے پچھلے ایک سال میں کیا ہے۔

خواتین وحضرات،

جامعہ ایک بڑی یونیورسٹی ہے جس میں ۱۸۰۰۰ ہزار سے اوپر اور ۲۰۰ سے زیادہ منفرد پروگراموں میں طلبا مندرج ہیں۔جامعہ کے ہر شعبے، سینٹر اور فیکلٹی کی کوشش ہے کہ وہ طلبا کو عمدہ تعلیم سے آراستہ کرے۔جیسا کہ آپ جانتے ہوں گے کہ پوسٹ گریجویشن سطح پر سمسٹر نظام لاگو ہونے کے بعد یونیورسٹی نے انڈر گریجویٹ کورسیز کو بھی سمسٹر نظام میں تبدیل کر دیا ہے اور مجھے یہ جان کر اطمینان ہے کہ یہ عبوری دور ہم نے بہت سہولت اور آسانی سے طے کر لیا ہے۔

نصاب میں نئے کورسیز اور پروگراموں کی شمولیت یونیورسٹی کی فکر اور تخلیقیت کو آشکار کرتی ہے اسی تصور کے ساتھ یونیورسٹی نے اپنا پہلا بین الاقوامی Summer اسکول شروع کیا ہے جہاں طلبا نزدیک و دور سے آتے ہیں آتے ہیں اور ہمارے ساتھ جامعہ میں چار ماہ رہ کر ہندوستان کے متعلق آگاہی حاصل کرتے ہیں۔چین مطالعات کو کامیابی کے ساتھ شروع کرنے کے بعد چینی زبان کا کورس بھی اس سیشن سے شروع کیا گیا ہے۔مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ ہے ہمارے طلبا تیزی

سے ترقی کر رہے ہیں اور یہ میری امید ہے کہ یہ نئے پروگرام ان نونہالوں کے لیے جو مستقبل کے رہنما ہوں گے حوصلہ افزا ہیں۔ جامعہ کے انور جمال قدوائی ماس کمیونی کیشن ریسرچ سینٹر نے بھی اپنے دو ڈپلوما کورسیز کو مکمل ایم اے ڈگری پروگرام میں تبدیل کر دیا ہے یعنی ایم اے ان ڈولپمنٹ کمیونی کیشن اینڈ ایم اے ان ویزوئل ایفکٹس اینڈ انی میشن۔ اسی سینٹر فار فیزیو تھیرپی اینڈ Rehabilitation سائنسز نے آرتھوپیڈیکس میں ماسٹر آف فیزیوتھیرپی شامل کیا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ مختلف شعبوں اور سینٹروں میں جاری اکیڈمک پروگروام اور ریسرچ یونیورسٹی کو پرعظمت بناتے ہیں۔

میرا پختہ یقین ہے کہ اساتذہ نہ صرف طلبا کی تقدیر سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ وہ یونیورسٹی کے لیے بھی بہت اہم رول نبھاتے ہیں۔ ہمارے بہت سے اساتذہ نے ہمیں فخر محسوس کرنے کا موقع فراہم کیا ہے نہ صرف طلبا کو معیاری تعلیم سے آراستہ کر کے بلکہ انہیں زندگی میں بہتر کرنے کی تحریک دے کر بھی انہیں مہمیز کیا ہے۔ پچھلے سال ہمیں ہمارا اساتذہ نے ان پر ناز کرنے کا موقع دیا ہے۔ شعبۂ اسلامیات کے پروفیسر اختر الواسع جنہیں ان کی خدمات کے لیے پدم شری سے حکومت ہند نے نوازا۔ بایوٹکنالوجی کے ڈاکٹر عبدالرب جنہوں نوجوان سائنسداں کا انڈین نیشنل سائنس اکاڈمی میڈل دیا گیا۔ پروفیسر غضنفر زیدی کو سال ۲۰۱۳ کا گولڈن pigeon اعزاز سے نوازا گیا۔ جغرافیہ ڈپارٹمنٹ کے ڈاکٹر عتیق الرحمان کو NASA کا مؤقر اعزاز دیا گیا وغیرہ وغیرہ۔

اگر مجھ سے سوال کیا جائے کہ جامعہ کی تابانی کے پس پردہ کیا ہے تو میرے ذہن میں ایک ہی جواب آتا ہے کہ وہ یہ اس کے طلبا ہیں۔ وہ ہمارے مستقبل کی توانا امیدیں ہیں اور ان کی کامیابیوں کو آپ کے سامنے پیش کر کے مجھے حد درجہ فخر وانبساط کا احساس ہو رہا ہے۔ جامعہ کے شعبۂ قانون کے طلبا نے یونیورسٹی کا سر فخر سے اونچا کر دیا ہے نہ صرف تعلیمی طور پر بہتر کر کے بلکہ دہلی عدالتی خدمات میں پوزیشن حاصل کر کے بھی اور انٹرنیشل نیشنل موٹ کورٹ مقابلہ جیت کر بھی۔ ہمارے بہت سے طلبا نے بین الاقوامی اور قومی سطح پر کانفرنسز اور سمینارروں میں اعزاز اور اسکالرشپ جیتے ہیں۔ ماس کمیونی کیشن کے طلبا کی فلم ۴۳ ویں انٹرنیشنل فلم فیسٹول میں نمائش کی گئی، جامعہ کے فوٹوگرافی کے طلبا نے سونی ورلڈ فوٹوگرافی ایوارڈ ۲۰۱۳ میں فائنل میں کوالیفائی کیا۔ جامعہ اسکول کے دو طلبا امریکن فیلڈ سروس اسٹوڈنٹ ایکسچینج پروگرام کے تحت امریکہ گیے۔ کوئز، مباحثہ سمیت بین یونیورسٹی مقابلوں میں جامعہ کے طلبا نے مختلف ایوارڈ بھی جیتے ہیں اور کیمپس میں بہت سارے تہذیبی و ثقافتی پروگرام بھی منعقد کرائے ہیں جن میں 'میراث' بہت کامیاب تھا۔ فائن آرٹ طلبا اور فوٹوگرافی کے طلبا نے ایم ایف حسین آرٹ گیلری میں اپنے فوٹو نمائش سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔

جامعہ کے طلبا نے جملہ شعبوں میں کافی کامیابی حاصل کی ہے خصوصاً Entrepreneurship میں۔ Entrepreneurship کلب کا جامعہ میں قیام اسی سال ہوا تھا جس نے کئی پروگرام کرائے جیسے کہ آئی سی آئی سی

آئی ٹرینیٹی پروگرام   آن انوویشن اینڈ Entrepreneurship ۔تخلیقیت کی سب سے اچھی مثال Hybrid برقی گاڑی تھی جسے جامعہ طلبا نے جاری کیا ہمیں ان پر فخر ہے۔

کھیل کے شعبے میں بھی جامعہ کے طلبا اہم ٹائٹلز جیت کر یونیورسٹی کا نام اونچا کررہے ہیں۔اس سال کے کچھ اہم کام یہ ہیں:
ٹوئیٹا یونیورسٹی کرکٹ چمپئن شپ میں جامعہ کے طلبا کی عمدہ کارکردگی، ایس۔اے۔رحیم میموریل فٹبال ٹورنامنٹ میں کارکردگی اور بین یونیورسٹی ٹیبل ٹینس چمپئن شپ میں بھی ان کی شاندار کارکردگی۔روس میں منعقدہ عالمی یونیورسٹی کھیل میں جامعہ کے طلبا نے یونیورسٹی کی Shooting میں نمائندگی کی۔دیگر اہم کاموں کے علاوہ جامعہ کے طلبا نے 'پانی بچاؤ زمین بچاؤ' کے پیغام کے ساتھ سماجی پیغام عام کرنے کے لیے سائیکل ریلی بھی نکالی۔

ہم اپنے طلبا کی تمام کامیابیوں کو یہاں شمار نہیں کرسکتے لیکن اس موقع پر میں انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں تا کہ انہیں اندازہ ہو کہ ہم ان کی کامیابی پر نازاں ہیں اور وہ ہی ہمارے مستقبل ہیں۔

جامعہ میں روشن اور فعال علمی فضا سال بھر ہونے والے انیک علمی پروگرام کا ثمرہ ہے۔گزشتہ سال بھی اس سے مختلف نہیں تھا۔مختلف اہم بین الاقوامی اور قومی کانفرنسزم، یادگاری خطبے، ٹاک، مباحثے پچھلے ایک سال میں ہوئے۔کچھ پروگراموں کی تفصیل یہ ہے۔مذہبی تکثیریت پر کانفرنس، جنوبی ایشیا کے سینئر مدیران پر کانفرنس، مانو دھرما پر مباحثہ، اوائلی طفولیت گائڈنس پر کانفرنس، پریم چند پر بین الاقوامی میٹ، معاصر ہندوستان میں صوفی ازم پر کانفرنس، موتی لال نہرو اور اسلامی فن تعمیر پر نمائش، خواتین کا عالمی ہفتہ کے تقریبات اور دیگر کئی پروگرام ہیں جو پچھلے سال جامعہ میں ہوئے۔کیمپس میں اس علمی فضا کو باثروت بنانے والے جامعہ کی علمی برادری کو میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ کام کا یہی جذبہ مستبقل میں بھی برقرار رہے گا۔

گزشتہ سال جامعہ کا مختلف علمی ونمایاں ہستیوں نے دورہ کیا جن میں یو پی اے سربراہ محترمہ سونیا گاندھی، جناب التمش کبیر چیف جسٹس آف انڈیا، یو جی سی چیئرمین جناب وید پرکاش، سرجیمس ڈیوڈ بیون، ہندوستان کے لیے امریکی سفیر، شیری رحمان امریکہ کے لیے سابق پاکستانی سفیر، محترمہ شیلا دیکشت وزیر اعلی دہلی، وزرا، ڈاکٹر پلم رجا، جے رام رمیش، ای احمد اور ڈاکٹر ششی تھرور؛ ممتاز صحافی ونود مہتا، پروفیسر پال براس، پروفیسر مظفر عالم، ناسا سائنس داں ہاشمہ حسن، کرکٹر وریندر سہواگ ان میں نمایاں ہیں۔

گذشتہ سال جامعہ کے دنیا کے دیگر یونیورسٹیوں سے تعلقات بنائے اور یارک، کناڈا یونیورسٹی آف ویسٹ منسٹر، Erfurt کی دو یونیورسٹیاں، برطانیہ، جرمنی، , Sciences Po university فرانس وغیرہ۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک یونیورسٹی کی حیثیت سے خود کو از سر دریافت کرتی رہتی ہے اور سال رواں بھی کئی اہم پہل کی

ہے۔جامعہ میں ایک حقوق انسانی کمیشن سیل بنا تا کہ ہندوستان میں انصاف اور انسانی حقوق کے کاز کو فروغ ہوسکے۔وزارت تہذیب وثقافت ہند نے جامعہ کے شعبہ اُردو کے ٹیگور ٹرانسلیشن پروجیکٹ سے نوازا جس کی گرانٹ تقریباً ایک کروڑ تھی جس کے تحت انہوں کے کئی کام شروع کیے ہیں۔ Communicative Enlglish پروگرام کے ذریعہ جامعہ نے اپنے طلبا کی لسانی مہارتوں کو مضبوط بنانے کی مہم بھی چھیڑی ہے اس میں اب Self Enriching پروگرام کا اضافہ ہوگیا ہے جس میں طلبا کو زندگی میں کام آنے والی بنیادی اور ضروری صلاحیتوں کے بارے میں واقف کرایا جائے گا اوران کی شخصیت کی ہمہ جہت ترقی میں معاون ہوگا۔

خواتین وحضرات،

آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ ہم جامعہ میں مندرج طلبا کے لیے ایک آفیشیل میل آئی ڈینٹیٹی فراہم کرنے کی راہ پر گامزن ہیں۔۔ہمیں امید ہے کہ اس سے طلبا کے ساتھ بات چیت میں بہت مدد ملے گی اوراس کے ساتھ ای۔لرننگ کوفروغ بھی مل سکے گا۔اس سے کوئی بھی مطالعہ کا مواد ایک دوسرے سے لے سکتا ہے۔Assinment،اورامتحان لے سکتا ہے اوراس طرح کے کئی کام وہ آنے والے دنوں میں برقی طور پر کرسکے گا۔اس سے یہ بھی ہوگا کہ طلبا جامعہ کے ساتھ ہمیشہ رابطے میں رہیں گے۔مجھے امید ہے کہ آنے والے برسوں میں اس سے طلبا کا ایک مستحکم ڈاٹا بیس تیار ہوجائے گا۔

مزید برآں اردو میں ایک سرٹیفکٹ کورس شروع کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں اس طرح جو لوگ اردو پڑھنے کے خواہاں ہیں۔اردو زبان وادب کو فروغ دینے کا ہمارے عہد کے طور پر پالیسی ہے۔

جامعہ کے دوسرے پروجیکٹ میں موجودہ ڈھانچے اور دیگر سہولتوں کو بہتر کرنا شامل ہے۔طالبات کی اقامت گاہ کی سنگ بنیا درکھنے کے لیے یو پی اے سربراہ محترمہ سونیا گاندھی نے جامعہ کا دورہ کیا جس میں یونیورسٹی کو ۲۶ کروڑ روپے موصول ہوئے ہیں۔اسی سال انسانی وسائل کے فروغ کے وزیر محترم ڈاکٹر پلم راجو نے نارتھ ایسٹ اسٹڈیز کے سینٹر کی عمارت کا افتتاح کیا اور راما نوجن بلاک اور یونیورسٹی پالی ٹکنک کی عمارتوں کا بھی افتتاح کیا۔میڈیکل سینٹر کا بھی افتتاح ہوا جو پہلے نینو ٹکنالوجی لیبارٹری اور لائبریری فیکلٹی آف انجیرنگ اینڈ ٹکنالوجی تھا۔یونیورسٹی میں واقعی طور پر پڑھائی کے لیے معاون فضا ہو اس کے لیے یونیورسٹی نے اس کے ڈھانچوں کو بہتر کرنے کے لیے تمام ضروری کوششیں کیں ہیں۔

اب جب کہ ہم اگلے علمی توسیع اور فروغ کی تیاری کر رہے ہیں تو ہمیں اپنے موجودہ سہولتوں کی اہمیت کا احساس ہے جس میں زمین اور وسائل دونوں درکار ہیں۔

عزت مآب لیفٹننٹ گورنر سر آپ ہمیشہ سے جامعہ کے خیر خواہ رہے ہیں اور ہمیں معلوم ہے کہ آپ میں جامعہ کا ایک قابل بھروسہ دوست چھپا ہوا ہے۔مجھے یقین ہے کہ آپ کی مدد سے ہمارے بہت سارے پروجیکٹ پایہ تکمیل کو پہنچ

جائیں گے۔

خواتین وحضرات،

جامعہ کے سپورٹ سینٹرز جامعہ کی کارپوریٹ زندگی میں بہت تعاون دے رہے ہیں۔ جامعہ کے این ایس ایس ونگ نے اس سال کئی کام کیے ہیں ان میں سب سے تازہ ڈینگو کے بارے میں بیداری مہم اور خون عطیہ کیمپ کا انعقاد ہے۔ یونیورسٹی کی دیگر ونگوں کی طرف سے مختلف پروگرام ہوتے رہے ہیں جن میں کچھ یہ ہیں:

مفت ہیلتھ کیمپ، ڈینٹل چیک اپ، کوچنگ سینٹر اینڈ کریئیر پلاننگ جو اقلیتوں، شیڈول کاسٹ، شیڈول ٹرائبس اور لڑکیوں کو کوچنگ دینا، اس کوچنگ کے ۵۳ طلبا نے سول سروسز کے مین امتحان میں کوالیفائی کیا۔ مجموعی طور پر وہ سنگ میل ہیں جن کو یونیورسٹی نے پچھلے سال عبور کیا۔

آخر میں، میرے عزیز طلبا جب آپ اس یونیورسٹی کو چھوڑ کر جائیں گے آگے زندگی اور کیریئر کی تیاری کریں گے اس کو یاد رکھیں کہ آپ ایک شاندار روایت کے امین ہیں اور اس یونیورسٹی کو آپ سے بہت امیدیں ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ہمارا سر اونچا کریں گے۔

آپ کے روشن وتابناک مستقبل کے لیے نیک خواہشات کے ساتھ

آپ سب کا شکریہ




ANNUA
CON
VOCA
ON 20
Prof. Shahid Ashraf
Registrar
Vice-Chancellor
Mr. Najeeb Jung
Lt. Governor, Delhi
Lt. Gen. (Retd.) M.A. Zaki
Chancellor



